صدر عزت مآب شیخ محمد بن زاید اور وینزویلا کی قائم مقام صدر کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے فروغ پر تبادلہ خیال

16 نومبر، 2026| ابوظہبی

متحدہ عرب امارات کے صدر عزت مآب شیخ محمد بن زاید النہیان نے وینزویلا کی قائم مقام صدر ڈاکٹر ڈیلسی روڈریگز سے ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات اور بالخصوص اقتصادی و ترقیاتی شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

صدر عزت مآب شیخ محمد بن زاید نے متحدہ عرب امارات کے ورکنگ دورے پر آئی ہوئی وینزویلا کی قائم مقام صدر کا استقبال کیا اور ان کے لیے ملک کی قیادت اور عوام کی ترقی و خوشحالی کی خواہشات پوری کرنے میں کامیابی کی نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے مشترکہ مفادات کے فروغ کے لیے متحدہ عرب امارات اور وینزویلا کے تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور مختلف شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔

دونوں جانب سے دسمبر میں ابوظہبی کی میزبانی میں منعقد ہونے والی اقوام متحدہ کی آبی کانفرنس 2026 پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اور پانی سے متعلق عالمی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی کوششوں کو آگے بڑھانے میں اس کانفرنس کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔

ملاقات میں صدارتی دیوان کے نائب چیئرمین برائے خصوصی امور عزت مآب شیخ حمدان بن محمد بن زاید النہیان، متحدہ عرب امارات کے صدر کے مشیر شیخ محمد بن حمد بن طحنون النہیان اور متعدد وزراء و اعلیٰ حکام شریک تھے۔

اس موقع پر وینزویلا کی قائم مقام صدر کے ہمراہ آنے والے وفد کے ارکان بھی موجود تھے۔

---

https://www.mohamedbinzayed.ae